ایچ بی ایل پی ایس ایل کے کراچی میں میچز پرپی سی بی کا بیان

لاہور،10 مارچ2020ء:

حکومت سندھ کے ساتھ مثبت اورتعمیری تبادلہ خیال کے بعد پاکستان کرکٹ بورڈ تصدیق کرتا ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں آئندہ پانچوں میچز شیڈول کے مطابق ہوں گے۔

پی سی بی کا کہنا ہے کہ ہمیشہ کی طرح پاکستان کرکٹ بورڈ نے اس معاملہ میں بھی مقامی انتظامیہ کی رہنمائی حاصل کی ہے۔ اس پس منظر میں پی سی بی مقامی انتظامیہ کی جانب سے فراہم کردہ آراء اور تعاون کی یقین دہانی پر اطمینان کا اظہار کرتا ہے۔اس حوالے سے پاکستان کرکٹ بورڈ نے مقامی انتظامیہ کو یقین دلایا ہے کہ وہ اپنے کمرشل پارٹنرز کے ساتھ مل کر تماشائیوں کی صحت اور حفاظت کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے گا۔

پاکستان کرکٹ بورڈ اب کراچی میں شائقینِ کرکٹ کی بڑی تعداد میں آمد کا منتظر ہے۔ نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شیڈول 5 میچوں میں6 میں سے 5 ٹیمیں ایونٹ کے اگلے مرحلے میں رسائی کی جنگ لڑیں گی۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں شیڈول میچوں کے لیے ٹکٹوں کی فروخت تیزی سے جاری ہے۔ ایونٹ کے لیے ٹکٹیں ٹی سی ایس کےمخصوص سنٹرزسمیت آن لائن ذرائع سے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

اس دوران نیشنل اسٹیڈیم کراچی کا رخ کرنے والے تماشائیوں کے لیے کمشنر آفس کراچی کی جانب سےجاری کردہ ایڈوائزری مندجہ ذیل ہے:

- صابن سے ہاتھ دھوئیں،کھانسی یا چھینک کے بعد سینیٹائزر کا استعمال کریں، کھانے سے پہلے، بعد میں اور ٹائلٹ کے استعمال کے بعد صابن کا استعمال کریں
- چھینکتے وقت ٹشو پیپر یا رومال کا استعمال کریں
- استعمال کے بعد ٹشو پیپر یا رومال کو کوڑا دان میں ضرور ڈالیں
- نزلہ اور زکام کی علامات کے دوران اسٹیڈیم آنے سے اجتناب کریں

- ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے اور گلے لگنےسے اجتناب کریں
- کھانسی اور بخار میں مبتلاافراد سے رابطہ محدود رکھیں
- غیرضروری طور پر کرسیوں/اسٹیل بار زاورریلینگز کو ہاتھ لگانے سے اجتناب کریں
- اسٹیڈیم میں تھوکنے، پانی ، خوراک اور خالی بوتلیں پھینکنےسے اجتناب کریں

کراچی میں شیڈول آئندہ میچز:

12 مارچ: کراچی کنگز بمقابلہ لاہور قلندرزبوقت شام 7 بجے
13 مارچ: پشاور زلمی بمقابلہ ملتان سلطانزبوقت رات 8 بجے
14 مارچ: کراچی کنگز بمقابلہ اسلام آباد یونائیٹڈبوقت شام 7 بجے
15 مارچ: کوئٹہ گلیڈی ایٹرزبمقابلہ کراچی کنگز بوقت شام 7 بجے
17 مارچ: کوالیفائر(ون بمقابلہ ٹو) بوقت شام 7 بجے

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4